سوال

کسی خاص بیماری کی وجہ سے روزہ چھوڑنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک نومسلم خاتون جس کو ایک خاص بیماری ہے اور ڈاکٹر نے اسے روزہ رکھنے سے منع کیا ہے کیونکہ اس کو بار بار پانی پینا ہوتا ہے۔ اس کو کہا گیا کہ مسکینوں کو کھانا کھلائے، مگر وہ کفارہ ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتی۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لرکسی شخص میں روزوں کا کفارادا کرنے کی صلاحیت اور استطاعت نہ ہو تو اس سے کفارہ ساقط ہو جاتا ہے۔ شیخ صالح العثیمین رحمہ اللہ نے اس کے تین دلائل بیان کیے ہیں؛

١۔ لایکلف اللہ نفسا الا وسعہا۔

٢۔ فاتقوا اللہ ما استطعتم۔

٣۔ اگر واجب کے ادا کرنے کی استطاعت نہ ہو تو واجب ساقط ہو جاتا ہے اور یہ قاعدہ شرعیہ ہے جیسا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صحابی سے روزہ توڑنے کا کفارہ معاف کر دیا تھا جس نے اپنی بیوی سے روزہ کی حالت میں جماع کیا تھا اور اس کے پاس کفارہ کے لیے کچھ نہیں تھا اور اللہ کے رسو

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی